آکشن نوٹس
پاکستان ریلویز ڈویژنل آفس راولپنڈی

پاکستان ریلوے راولپنڈی ڈویژن کو درج ذیل پلاٹس اور دوکانات مختلف مقاصد کے لئے لائسنس پر دینا مقصود ہیں۔

نمبر شمار	محل وقوع	رقبہ	مقصد	مدت معاہدہ	بنیادی تخمینہ (سالانہ)	پریمیم (ناقابل واپسی)	ڈسپوزل ریفرنس نمبر	تاریخ و مقام نیلامی
	ریسٹورنٹ							
1	نزد ٹنل نمبر03، سنگجانی-ٹیکسلا ریلوے سٹیشن کے درمیان	260.532مرلہ	ریسٹورنٹ	دس سال+پانچ سال	20،103،399/-	28،463،121/-	D11649	بڈز مورخہ 08.12.2026 بوقت دن 10 بجے تک وصول کی جائیں گی اور اُسی دن 10:30 بجے خواشمند بڈرز کی موجودگی میں دفتر ڈویژنل اکاؤنٹس آفیسر پاکستان ریلوے راولپنڈی میں کھولی جائیں گی۔
2	نزد برج نمبر2C، کلومیٹر3-2/1505، راولپنڈی-چکالہ ریلوے سٹیشن کے درمیان	11.11 مرلہ	ریسٹورنٹ	دس سال+پانچ سال	940،808/-	1،106،833/-		
3	ڈھڈیال ریلوے سٹیشن	211.11مرلہ	ریسٹورنٹ	دس سال+پانچ سال	6,355,467/-	7،547،039/-		
4	منڈی بہاؤالدین ریلوے سٹیشن	4500مربع فٹ	ریسٹورنٹ	دس سال+پانچ سال	1،955،795/-	1،955،795/-		
	گودام							
5	نزد بلاک نمبر539، سی ڈی ایل کالونی روڈ، راولپنڈی (پلاٹ-اے)	8.73مرلہ	گودام	پانچ+پانچ سال	1،000،000/-	-	D11649	بڈز مورخہ 08.12.2026 بوقت دن 10 بجے تک وصول کی جائیں گی اور اُسی دن 10:30 بجے خواشمند بڈرز کی موجودگی میں دفتر ڈویژنل اکاؤنٹس آفیسر پاکستان ریلوے راولپنڈی میں کھولی جائیں گی۔
6	نزد بلاک نمبر539، سی ڈی ایل کالونی روڈ، راولپنڈی (پلاٹ-بی)	8.73مرلہ	گودام	پانچ+پانچ سال	1،000،000/-	-		
7	منڈی بہاؤالدین ریلوے سٹیشن (پلاٹ نمبر01)	2000مربع فٹ	گودام	پانچ+پانچ سال	1،100،000/-	-		
8	منڈی بہاؤالدین ریلوے سٹیشن (پلاٹ نمبر02)	2000مربع فٹ	گودام	پانچ+پانچ سال	1،100،000/-	-		
9	منڈی بہاؤالدین ریلوے سٹیشن (پلاٹ نمبر03)	2000مربع فٹ	گودام	پانچ+پانچ سال	1،100،000/-	-		
10	منڈی بہاؤالدین ریلوے سٹیشن (پلاٹ نمبر04)	2000مربع فٹ	گودام	پانچ+پانچ سال	1،100،000/-	-		
11	منڈی بہاؤالدین ریلوے سٹیشن (پلاٹ نمبر05)	2000مربع فٹ	گودام	پانچ+پانچ سال	1،100،000/-	-		
12	منڈی بہاؤالدین ریلوے سٹیشن (پلاٹ نمبر06)	2000مربع فٹ	گودام	پانچ+پانچ سال	1،100،000/-	-		
13	سرگودہا ریلوے سٹیشن	6000مربع فٹ	گودام	پانچ+پانچ سال	2،250،000/-	-		
14	سرگودہا ریلوے سٹیشن	3335مربع فٹ	گودام	پانچ+پانچ سال	1،250،000/-	-		
	ماڈل بازار							
15	کلومیٹر8-0/162، سرگودہا ریلوے سٹیشن (پلاٹ-اے)	1.785کنال	ماڈل بازار	ایک سال	800,000/-	-	D11649	بڈز مورخہ 08.12.2026 بوقت دن 10 بجے تک وصول کی جائیں گی اور اُسی دن 10:30 بجے خواشمند بڈرز کی موجودگی میں دفتر ڈویژنل اکاؤنٹس آفیسر پاکستان ریلوے راولپنڈی میں کھولی جائیں گی۔
16	کلومیٹر8-0/162، سرگودہا ریلوے سٹیشن (پلاٹ-بی)	1.785کنال	ماڈل بازار	ایک سال	800,000/-	-		
17	کلومیٹر9-8/161، سرگودہا ریلوے سٹیشن، شاہین آباد-سرگودہا سیکشن	8مرلہ	ماڈل بازار	ایک سال	200,000/-	-		
18	لیول کراسنگ نمبر173، کلومیٹر3-2/158، سرگودہا ریلوے سٹیشن، شاہین آباد-سرگودہا سیکشن	8.89مرلہ	ماڈل بازار	ایک سال	400,000/-	-		
	دوکانات							
19	نزد بلاک نمبر489، بیکری چوک راولپنڈی	180مربع فٹ فی دکان	(اوپن پلاٹ) (02دوکانات) دکان نمبر02 & 01	پانچ سال+پانچ سال	120،000/- فی دوکان	200،000/- فی دوکان	D11649	بڈز مورخہ 08.12.2026 بوقت دن 10 بجے تک وصول کی جائیں گی اور اُسی دن 10:30 بجے خواشمند بڈرز کی موجودگی میں دفتر ڈویژنل اکاؤنٹس آفیسر پاکستان ریلوے راولپنڈی میں کھولی جائیں گی۔
20	سرائے عالمگیر ریلوے سٹیشن	339.70مربع فٹ فی دکان	(15دوکانات)،(اوپن پلاٹ) دوکان نمبر01سے15	پانچ سال+پانچ سال	150،000/- فی دکان	250،000/- فی دکان		
	کارپارکنگ							
21	نزد پنڈی چھاؤنی، چکوال ریلوے سٹیشن	12.66مرلہ	کارپارکنگ	ایک سال	300،000/-	-	D11694	بڈز مورخہ 09.12.2026 بوقت دن 10 بجے تک وصول کی جائیں گی اور اُسی دن 10:30 بجے خواشمند بڈرز کی موجودگی میں دفتر ڈویژنل اکاؤنٹس آفیسر پاکستان ریلوے راولپنڈی میں کھولی جائیں گی۔
22	منڈی بہاؤالدین ریلوے سٹیشن	6000مربع فٹ	کارپارکنگ	ایک سال	1،200،000/-	-		
	زراعت							
23	غریب وال ریلوے سٹیشن	1.15ایکڑ	زرعی	پانچ سال	15،000/- فی ایکڑ	-	D11694	بڈز مورخہ 09.12.2026 بوقت دن 10 بجے تک وصول کی جائیں گی اور اُسی دن 10:30 بجے خواشمند بڈرز کی موجودگی میں دفتر ڈویژنل اکاؤنٹس آفیسر پاکستان ریلوے راولپنڈی میں کھولی جائیں گی۔
24	کلومیٹر نمبر142 سے 143، نزد ڈھاک ریلوے سٹیشن	4.59ایکڑ	زرعی	پانچ سال	15،000/- فی ایکڑ	-		
25	نزد ٹوبہ ریلوے سٹیشن	01ایکڑ	زرعی	پانچ سال	15،000/- فی ایکڑ	-		
26	مکوال-میانی ریلوے سٹیشن کے درمیان (پلاٹ-اے)	0.62ایکڑ	زرعی	پانچ سال	25،000/- فی ایکڑ	-		
27	مکوال-میانی ریلوے سٹیشن کے درمیان (پلاٹ-بی)	0.36ایکڑ	زرعی	پانچ سال	25،000/- فی ایکڑ	-		
28	مکوال-میانی ریلوے سٹیشن کے درمیان (پلاٹ-سی)	0.25ایکڑ	زرعی	پانچ سال	25،000/- فی ایکڑ	-		
29	مکوال-میانی ریلوے سٹیشن کے درمیان (پلاٹ-ڈی)	0.39ایکڑ	زرعی	پانچ سال	25،000/- فی ایکڑ	-		
30	مکوال-میانی ریلوے سٹیشن کے درمیان (پلاٹ-ای)	0.39ایکڑ	زرعی	پانچ سال	25،000/- فی ایکڑ	-		
31	مکوال-میانی ریلوے سٹیشن کے درمیان (پلاٹ-ایف)	0.29ایکڑ	زرعی	پانچ سال	25،000/- فی ایکڑ	-		
32	مکوال-میانی ریلوے سٹیشن کے درمیان (پلاٹ-جی)	0.20ایکڑ	زرعی	پانچ سال	25،000/- فی ایکڑ	-		
33	مکوال-میانی ریلوے سٹیشن کے درمیان (پلاٹ-ایچ)	0.30ایکڑ	زرعی	پانچ سال	25،000/- فی ایکڑ	-		
34	مکوال-میانی ریلوے سٹیشن کے درمیان (پلاٹ-آئی)	0.64ایکڑ	زرعی	پانچ سال	25،000/- فی ایکڑ	-		
35	کلومیٹر نمبر37، وگووال-خوشاب ریلوے سٹیشن کے درمیان	8.50ایکڑ	زرعی	پانچ سال	30،000/- فی ایکڑ	-		
36	نزد برج نمبر377، کلومیٹر4-3/1439، سوہاوہ-مسہ کسووال ریلوے سٹیشن کے درمیان	6.84کنال	زرعی	پانچ سال	25،000/- فی ایکڑ	-		

شرائط و ضوابط برائے نیلامی

1۔ تمام شرکت کنندگان کو شرکت فیس (ناقابل واپسی) بصورت سی ڈی آر بنام ڈویژنل اکاؤنٹ آفیسر پاکستان ریلوے راولپنڈی اور شناختی کارڈ کی فوٹو کاپی نیلامی سے پہلے ڈپٹی ڈائریکٹر پراپرٹی اینڈ لینڈ پاکستان ریلوے راولپنڈی کے دفتر میں جمع کروانی ہوگی۔

2۔ ہر شرکت کنندہ بڈ سیکیورٹی کی سی ڈی آر بنام ڈویژنل اکاؤنٹ آفیسر پاکستان ریلوے راولپنڈی آکشن سے قبل ڈپٹی ڈائریکٹر پراپرٹی اینڈ لینڈ پاکستان ریلوے راولپنڈی کے دفتر میں جمع کروائے گا جو ناکام بولی دہندہ کو موقع پر ریلیز کر دی جائے گی۔ جب کہ کامیاب بولی دہندہ کی سالانہ کرایہ میں ایڈجسٹ کرلی جائے گی۔

3۔ کارپارکنگ کی شرکت فیس (ایک لاکھ) -/100،000روپے بصورت کال ڈیپازٹ ریسیپٹ جو کہ بنام ڈویژنل اکاؤنٹ آفیسر پاکستان ریلوے راولپنڈی ہوگی جو 1٪ پر اسسنگ چارجز کے بعد ناکام بولی دہندہ کو موقع پر واپس کر دی جائے گی جبکہ کامیاب بولی دہندہ کی سالانہ کرائے میں ایڈجسٹ کرلی جائے گی۔

4۔ زراعت، گودام اور دوکانات کا سالانہ کرایہ ہر سال 10٪ جبکہ ریسٹورنٹ کا سالانہ کرایہ ہر سال 08٪ (@ کمپاؤنڈ انٹرسٹ) کے حساب سے بڑھایا جائے گا۔

5۔ دوکانات کی بولی زیادہ سے زیادہ کرائے کی بنیاد پر جانچی جائے گی جس کا پریمیم فکس ہوگا۔

6۔ آکشن کے بعد نئی دکانات کے لئے پیش کردہ پریمیم کا 50 فیصد موقع پر جمع کروانا ہوگا۔ بصورت دیگر ان کی منظوری کینسل / ختم کر دی جائے گی اور بڈ سیکیورٹی بحق سرکار ضبط کرلی جائے گی۔

7۔ زراعت، ماڈل بازار، کارپارکنگ اور گودام کا کامیاب بولی دہندہ پیش کردہ بولی کا 50 فیصد بصورت کال ڈیپازٹ ریسیپٹ بنام ڈویژنل اکاؤنٹ آفیسر پاکستان ریلوے راولپنڈی موقع پر جمع کرائے گا اور باقی 50 فیصد ایگریمنٹ کرنے سے پہلے جمع کروانا ہوگا۔

8۔ بولی منظوری کے بعد، زراعت اور گودام کا سب سے زیادہ بولی دہندہ سالانہ بولی کی رقم کے برابر سیکیورٹی رقم ایڈوانس جمع کرائے گا۔ ریسٹورنٹ، دوکانات اور ماڈل بازار کی سیکیورٹی مبلغ چھ ماہ، جبکہ کارپارکنگ کے لئے ایک ماہ کے کرائے کے برابر سیکیورٹی رقم ایڈوانس جمع کرائے گا۔ جو مجاز اتھارٹی کی منظوری کے 30 دن میں جمع کروانا ہوگی جو معاہدے کی مدت کے کامیاب تکمیل تک برقرار رکھی جائے گی۔ بصورت دیگر منظوری کینسل کر دی جائے گی اور زر ضمانت بحق سرکار ضبط کرلی جائے گی۔

9۔ سیکیورٹی کے علاوہ سالانہ کرایہ کے طور پر ایک سال کا کرایہ مجاز اتھارٹی کی منظوری کے 30 دن کے اندر ایڈوانس جمع کروانا ہوگا۔ بصورت دیگر سیکیورٹی مبلغ بغیر کسی نوٹس کے پاکستان ریلویز کے حق میں ضبط ہو جائے گی اور مطلوبہ زمین دوبارہ آکشن کی جائے گی۔ جبکہ دوکانات کے لئے 06ماہ کا کرایہ ایڈوانس جمع کروانا ہوگا۔ بصورت دیگر جمع شدہ پریمیم بغیر کسی نوٹس کے پاکستان ریلویز کے حق میں ضبط ہو جائے گا اور مطلوبہ دوکان دوبارہ آکشن کی جائے گی۔

10۔ نئی دکانات کا کامیاب بولی دہندہ بولی منظوری کے بعد دکان کو ریلوے کے نقشے کے مطابق خود اپنے خرچے پر تعمیر کرے گا۔ تاہم لیز کا دورانیہ پورا ہونے پر یا قبضہ پہلے چھوڑنے کی صورت میں لائسنسی انفراسٹرکچر اور دیگر ڈھانچے کو منہدم نہیں کرے گا اور وہ پاکستان ریلوے کی ملکیت ہوگا۔

11۔ لائسنس کا عرصہ پورا ہونے پر دوکان کا قبضہ پاکستان ریلوے واپس لے گا اور دوکان کی دوبارہ نیلامی ہوگی۔

12۔ دوکانوں کا قبضہ تمام واجبات کی ادائیگی، تکمیل معاہدہ اور مجاز اتھارٹی کی منظوری کے بعد دیا جائے گا۔

13۔ دوکانوں کی چھت اور فرنٹ کی جگہ کو استعمال کی اجازت نہیں ہوگی نہ ہی لائسنسی دوکان میں بغیر اجازت کسی قسم کی تبدیلی کا مجاز ہوگا۔

14۔ کامیاب بولی دہندہ مجاز اتھارٹی کی حتمی منظوری سے پہلے دوکان کا کرایہ دار (لائسنسی) تصور نہ ہوگا۔

15۔ لائسنسی دوکان کے حقوق مجاز اتھارٹی کی منظوری کے بغیر کسی اور کے نام منتقل نہیں کر سکے گا۔

16۔ حکومتِ پاکستان کی پالیسی اور قوانین کے مطابق دوکان کو اشیاء کی خرید و فروخت کے علاوہ دیگر کسی بھی ممنوعہ اشیاء یا غیر قانونی مقاصد کے لئے استعمال نہیں کیا جاسکتا۔

17۔ ریسٹورنٹ اور گودام کا کامیاب بولی دہندہ، بولی کی منظوری کے بعد تعمیرات کا نقشہ مجاز اتھارٹی کو جمع کروانے کا پابند ہوگا۔ اور مجاز اتھارٹی کی حتمی منظوری کے بعد نقشے کے مطابق تعمیرات کی اجازت دی جائے گی۔

18۔ ریسٹورنٹ اور گودام کے ڈیزائن چارجز اور تعمیرات کی تمام لاگت کامیاب بولی دہندہ کی اپنی ہوگی۔ تاہم لیز کا دورانیہ پورا ہونے پر یا قبضہ پہلے چھوڑنے کی صورت میں لائسنسی انفراسٹرکچر اور دیگر ڈھانچے کو منہدم نہیں کرے گا اور وہ پاکستان ریلوے کی ملکیت ہوگا۔

19۔ ریسٹورنٹ کی اضافی منزل کی صورت میں، پہلی منزل کے لیے پیش کردہ بولی کا 75٪ اور دوسری منزل کے لیے 50٪ مزید کرایہ ادا کرنا ہوگا۔ تاہم، دوسری منزل سے زیادہ کوئی اضافی منزل تعمیر کرنے کی اجازت نہیں ہوگی۔

20۔ ریسٹورنٹ کی نیلامی میں دلچسپی رکھنے والے بولی دہندہ کے پاس فوڈ سے متعلق کاروبار چلانے کے لئے متعلقہ فوڈ اتھارٹیز سے جاری شدہ نافذ العمل لائسنس حاصل ہونا چاہیئے۔

21۔ ریسٹورنٹ کے لئے تمام قابل اطلاق ٹیکسز کامیاب بولی دہندہ / لائسنسی کی جانب سے وفاقی، صوبائی، ضلعی، مقامی حکومت یا حکومت کی کسی نامزد خود مختار ایجنسی / اتھارٹی کو حسب صورت ادا کیے جائیں گے۔

22۔ ریسٹورنٹ قائم کرنے کے لیے ضلعی انتظامیہ یا کسی بھی دیگر اتھارٹی / محکمہ سے تمام اقسام کے این او سی، اجازت نامے، منظوری وغیرہ حاصل کرنا صرف لائسنسی کی ذاتی ذمہ داری ہوگی۔ پاکستان ریلوے اس ضمن میں کسی تاخیر یا مسترد کیے جانے کا ذمہ دار نہ ہوگا۔ ریسٹورنٹ کی تعمیر کے لیے لائسنسی کو چھ (6) ماہ کے لئے گریس / موبیلائزیشن مدت دی جائے گی۔

23۔ اگر ریسٹورنٹ کا لائسنسی اپنی سہولت کے مطابق ایگریمنٹ کے تحت مکمل طور پر لیز کی مدت ختم کرنا چاہے، تو اس صورت میں کرایہ جات یا پریمیم کی کوئی واپسی یا ایڈجسٹمنٹ قابل قبول نہ ہوگی۔

24۔ کامیاب بولی دہندہ اپنے طور پر گیس، بجلی، ٹیلی فون وغیرہ کے کنکشن کا ذمہ دار ہوگا تاہم ریلوے انتظامیہ اس مقصد کے لئے (این او سی) جاری کرے گی۔

25۔ لائسنس کے دورانیہ میں مزید توسیع نہیں ہوگی۔

26۔ سرکاری ملازم نیلامی میں حصہ لینے کا مجاز نہیں ہوگا تاہم سرکاری ادارے حصہ لینے کے اہل ہیں۔ نیز کرائے کی مد میں نادہندہ افراد کو نیلامی میں شرکت کی اجازت نہیں ہے۔

27۔ کامیاب بولی دہندہ پیش کردہ بولی کا دو ہولڈنگ ٹیکس مجاز اتھارٹی کے قوانین کے مطابق مجاز اتھارٹی کے پاس جمع کروانے کا پابند ہوگا۔

28۔ مجوزہ جگہ صرف اسی مخصوص مقصد کے لیے استعمال کی جاسکتی ہے جس کے لیے یہ لیز پر دی گئی ہے۔ اس ضمن میں محل وقوع، جگہ کے ملاحظہ اور مزید معلومات کے لئے نیچے دیئے گئے پتہ یا آئی او ڈبلیو-2&1 راولپنڈی، گوجر خان، جہلم، ملکوال، سرگودہا اور اے آئی او ڈبلیو ٹیکسلا، لالہ موسیٰ پاکستان ریلوے کے دفتر سے رجوع کریں۔

29۔ مندرجہ بالا معلومات پاکستان ریلوے کی ویب سائیٹ (www.pakrail.gov.pk) اور PPRA کی ویب سائیٹ (www.ppra.org.pk) پر بھی ملاحظہ کی جاسکتی ہیں۔

30۔ خواہشمند حضرات اپنی بولی EPAD v2.0 کی ویب سائیٹ http://vendor.epads.gov.pk پر جمع کرواسکتے ہیں۔

31۔ آکشن سے پہلے مطلوبہ جگہ تک رسائی کا معائنہ کیا جاسکتا ہے۔ مطلوبہ جگہ تک راستے کی رسائی کی ذمہ داری لائسنسی کی اپنی ہوگی۔ اس ضمن میں ریلوے انتظامیہ کسی عذر کی ذمہ دار نہ ہوگی۔

32۔ زمین یا دوکانات کا قبضہ دیتے وقت سائیٹ کے مطابق پیمائش کم و بیش ہو سکتی ہے۔

33۔ ریلوے انتظامیہ کسی بھی وقت، بولی قبول کیے جانے سے قبل، تمام بولیوں کو مسترد کرنے کا اختیار رکھتی ہے۔

امجد اللہ

ڈپٹی ڈائریکٹر پراپرٹی اینڈ لینڈ

برائے، ڈویژنل سپرنٹنڈنٹ، پاکستان ریلوے راولپنڈی

فون نمبر: 051-9273267